# 6799- عورت کا مارکیٹ میں مال فروخت کرنا

## سوال

میری بیوی جمعرات کے دن مارکیٹ میں جہاں مرد و عورت سب جمع ہوتے ہیں باپردہ ہو کر خرید و فروخت کرنا چاہتی ہے، گزارش ہے کہ معلومات فراہم کریں ؟

## پسندیدہ جواب

اگر ضرورت ہو تو
وہ خرید و فروخت کے لیے جا سکتی ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ اس نے ایسا لباس زیب تن کیا
ہو جو سارے بدن کو چھپائے اور جسم کے اعضاء کی تحدید نہ کرتا ہو، اور نہ وہ مردوں
سے ایسا اختلاط کرے جس میں شک و شبہ پیدا ہو.

اور اگر خرید و فروخت کی ضرورت نہ ہو
تو پھر اس کے لیے اسے ترک کرنا ہی بہتر ہے .